بسم اللہ الرحمن الرحیم

جمعہ کی نماز کا وقت

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

جمعہ کی نماز، نمازِ عصر سے پہلے کب تک پڑھ سکتے ہیں؟

جواب

نمازِ جمعہ کا وقت، وقتِ ظہر ہے، اور نمازِ عصر کا وقت شروع ہونے سے پہلے پہلے نمازِ جمعہ کا پورا ہونا ضروری ہے، ورنہ نمازِ جمعہ ادا نہیں ہوگی، لہٰذا اگر نمازِ جمعہ کے دوران عصر کا وقت شروع ہوگیا، اگرچہ تشہد کے بعد، تو جمعہ باطل ہوگیا، ظہر کی قضا پڑھیں۔

فتاوی عالمگیری میں ہے

”(ومنھا وقت الظھر) حتی لو خرج وقت الظھر فی خلال الصلاۃ تفسد الجمعۃ وان خرج بعد ما قعد قدر التشھد“

ترجمہ: اور جمعہ کی شرائط میں سے ایک شرط ظہر کا وقت ہے، یہاں تک کہ اگر جمعہ کی نماز کے دوران ظہر کا وقت ختم ہوگیا، تو جمعہ فاسد ہوجائے گا اگرچہ قدرِ تشہد بیٹھنے کے بعد وقت خارج ہوا ہو۔ (فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ146، مطبوعہ: کوئٹہ)

نمازِ جمعہ کے صحیح ہونے کی شرائط بیان کرتے ہوئے صدر الشریعہ بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ تحریر فرماتے ہیں: ”جمعہ پڑھنے کے لیے چھ شرطیں ہیں کہ ان میں سے ایک شرط بھی مفقود ہو، تو ہوگا ہی نہیں۔۔۔ **وقتِ ظہر: یعنی** وقت ظہر میں نماز پوری ہوجائے تو اگر اثنائے نماز میں اگرچہ تشہد کے بعد عصر کا وقت آگیا، جمعہ باطل ہوگیا، ظہر کی قضا پڑھیں۔“ (بہار شریعت، جلد1، حصہ4، صفحہ762-766، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4595

تاریخ اجراء: 09 رجب المرجب 1447ھ/30 دسمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net